HINO

FAX NO. 111-573-329

July 07, 2021

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Subject: **Notice of 36th Annual General Meeting**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of the 36th Annual General Meeting to be held on July 28, 2021 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours Sincerely,

**SYED JUNAID ALI**
COMPANY SECRETARY

Encl: As above.

**Hinopak Motors Limited**
Head Office: D-2, S.I.T.E., Manghopir Road, P.O. Box No. 10714, Karachi-75700. Tel: 32563510 (9 Lines) 32563525 (3 Lines)
UAN : 111 - 25-25-25, Fax: 3256-3028 E-Mail: info@hinopak.com Web site: www.hinopak.com

# HINOPAK MOTORS LIMITED

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

NOTICE IS HEREBY GIVEN that the 36th Annual General Meeting (AGM) of the Shareholders of Hinopak Motors Limited (the Company) will be held at the Registered Office of the Company, situated at D-2, S.I.T.E., Manghopir Road, Karachi on Wednesday, July 28, 2021 at 09:30 a.m.

Due to ongoing pandemic of COVID-19, the Company has also arranged participation of shareholders through video facility. The detailed procedure is mentioned below, in the notes. Following businesses will be transacted during the meeting:

**ORDINARY BUSINESSES**

1. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended March 31, 2021, together with the Reports of the Directors and Auditors.
2. To appoint auditors for the ensuing year and fix their remuneration.
3. Any other business with the permission of the Chair.

By Order of the Board
**SYED JUNAID ALI**
Company Secretary

Karachi: July 07, 2021

**Notes**

**i. Online Participation in the Annual General Meeting**

Considering the ongoing COVID-19 situation, the Company has decided to facilitate its shareholders by also allowing the shareholders to attend the meeting through video link, for the safety and well-being of the shareholders. The shareholders who are interested in attending the AGM proceedings online may send the below mentioned information, along with a valid copy of both sides of their CNIC with the subject "Registration for Hinopak Motors Limited AGM" at info@hinopak.com for their/their appointed proxy's verification. Such information should be sent from their duly registered valid email ID for the registration purposes latest by July 20, 2021.

| Shareholder's Name | Folio/CDC No. | No. of Shares Held | CNIC No. | Cell No. | Registered Email ID |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

The detailed procedure shall be communicated through email, directly to the shareholders who have provided their valid email IDs, and the same shall be placed at the Company's website https://www.hinopak.com in the investor relations section.

Shareholders can also provide their comments/suggestions for the agenda items of the AGM at the email address info@hinopak.com.

Members are therefore, encouraged to attend the AGM through video link or by consolidating their attendance through proxies.

**ii. Closure of Share Transfer Books**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from July 20, 2021 to July 28, 2021 (both days inclusive). No transfer will be accepted for registration during this period. Transfers received at Share Registrar Office M/s FAMCO Associates (Pvt.) Limited, at the close of business on July 19, 2021, will be treated in time to attend and vote at the meeting.

**iii. For Attending the Meeting**

In case of individuals, the Account Holders or sub-account holders and/or the persons whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate their identity by showing original Computerized National Identity Cards (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.

In case of a corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with the specimen signature of the nominee shall be produced (if it has not been provided earlier) at the time of attending the meeting.

**iv. Proxy**

A member entitled to attend and vote at this General Meeting is entitled to appoint a Proxy to attend, speak and vote in his/her place at the meeting. Instrument appointing a proxy must be deposited at the Registered Office of the Company at least forty-eight hours before the time of the meeting.

To facilitate identification for right to attend the Annual General Meeting, shareholder whose holdings are on the Central Depository System (CDS) or his/her Proxy should authenticate his/her identity by showing his/her original CNIC or original Passport at the time of attending the meeting; along with the Participant's Identity Number and Shareholder's Account Number allocated by the Central Depository Company.

In case of corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the meeting.

**v. Notice to Shareholders who have not provided their CNIC**

The Individual Members who have not yet submitted photocopy of their valid Computerized National Identity Card (CNIC) to the Company/Share Registrar, are once again reminded to send the same at the earliest, directly to the Company's Share Registrar, M/s FAMCO Associates (Pvt.) Limited. In case of non-receipt of the copy of a valid CNIC, the Company would be constrained under section 243(3) of the Companies Act, 2017, to withhold dividend (if any) of such shareholders.

**vi. Notice to Shareholders who have not provided their IBAN**

In accordance with the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a listed company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders. Therefore, shareholders are requested to provide their bank details by filling up the Electronic Credit Mandate Form available at https://famco.com.pk/ and send the duly filled form along with a copy of CNIC to Company's Share Registrar, M/s FAMCO Associates (Pvt.) Limited.

**vii. Change of Address**

The shareholders are requested to intimate any changes in their addresses to the Share Registrar, M/s FAMCO Associates (Pvt.) Limited.

**viii. Conversion of Physical Shares into Book-Entry-Form**

In accordance with the provisions of Section 72 of the Companies Act, 2017, and subsequent directive received from the SECP for all listed companies to pursue with their physical shareholders and requiring them to convert their shares in the Book-Entry-Form. In order to comply with the directives, the Physical Shareholders are once again reminded to convert their shares into Book-Entry-Form through Investor Accounts Services of Central Depository Company or any Participant/TRE Certificate-holder of the Pakistan Stock Exchange Limited.

**ix. Video-link Facility to Members**

If the Company receives consent from the members holding at least 10% shareholding residing in a city, to participate in the meeting through video-link at least 07 days prior to the date of the meeting, the Company will arrange facility of video-link in that city subject to availability of such facility in that city.

To avail this facility please provide the following information to our Share Registrar, M/s FAMCO Associates (Pvt.) Limited.

I/We, ______________________________ of _____________, being a member of Hinopak Motors Limited, holder of ____________________ ordinary share(s), as per Registered Folio/CDC Account No. ______________________________ hereby opt for video conference facility at ______________________________.

_________________
Signature of Member(s)

**x. Placement of Financial Statements on Website:**

The Financial Statements of the Company for the year ended March 31, 2021 along with reports have been placed on the website of the Company: https://www.hinopak.com/finance.htm

HINO

# ھینو پاک موٹرز لمیٹڈ

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ہینو پاک موٹرز لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص یافتگان کا چھتیسواں سالانہ اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام D-2، سائٹ، منگھوپیر روڈ، کراچی پر بروز بدھ 28 جولائی 2021 صبح 09:30 بجے منعقد ہوگا۔ COVID-19 کی موجودہ وباء کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی نے حصص یافتگان کی شرکت کیلئے وڈیو کی سہولت کا اہتمام کیا ہے۔ تفصیلی طریقہ کار گزارشات میں بعدازاں بیان کیا گیا ہے۔ اجلاس کے دوران مندرجہ ذیل امور انجام دیئے جائیں گے۔

**عمومی امور:**

ا۔ کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے مختتمہ مدت 31 مارچ 2021 کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور اور انہیں اختیار کرنا۔

۲۔ اگلے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔

۳۔ صدر مجلس کی اجازت سے مزید کوئی امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

**سید جنید علی**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 7 جولائی 2021

**گزارشات:**

**ا۔ سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

COVID-19 کی موجودہ وباء کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی نے حصص یافتگان کو سہولت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں حصص یافتگان کی بہبود اور تحفظ کی خاطر حصص یافتگان کو اجلاس میں وڈیو لنک کے ذریعے حاضر ہونے کی بھی اجازت دی جائے گی۔ حصص یافتگان جو کہ AGM کی کاروائی میں آن لائن شرکت میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ اپنے درست CNIC کی دونوں اطراف کی نقل کے ساتھ مندرجہ ذیل معلومات عنوان ''رجسٹریشن آف ہینو پاک موٹرز لمیٹڈ AGM'' کے تحت اپنے / اپنے مقرر کردہ پراکسی کی تقرری کیلئے info@hinopak.com پر فراہم کردیں۔ یہ معلومات اپنی درست ای میل آئی ڈی کے ذریعے رجسٹریشن مقاصد کیلئے 20 جولائی 2021 تک فراہم کردیں۔

| حصص یافتہ کا نام | فولیو/سی ڈی سی نمبر | ملکیتی حصص کی تعداد | CNIC نمبر | موبائل نمبر | رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

ایک تفصیلی طریقہ کار بذریعہ ای میل بلاواسطہ ان حصص یافتگان کو فراہم کیا جائے گا جنہوں نے اپنی درست ای میل آئی ڈیز فراہم کردی ہوں گی اور یہ طریقہ کار کمپنی کی ویب سائٹ https://www.hinopak.com پر انویسٹرز سے متعلق سیکشن میں بھی ڈال دیا جائے گا۔

حصص یافتگان ایجنڈے کے امور سے متعلق اپنی آراء/تجاویز ای میل ایڈریس info@hinopak.com پر فراہم کرسکتے ہیں۔

لہٰذا ممبران کی AGM میں وڈیو لنک کے ذریعے حاضری یا پراکسی کے ذریعے اپنی حاضری کو مجموعی بنانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

**۲۔ حصص منتقلی کی کتابوں کی بندش**

سالانہ اجلاس عام کیلئے کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 20 جولائی 2021 تا 28 جولائی 2021 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ اس مدت کے دوران کوئی بھی حصص منتقلی رجسٹریشن کیلئے قبول نہیں کی جائے گی۔ شیئر رجسٹرار آفس میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں 19 جولائی 2021 کو دفتری اوقات ختم ہونے تک موصول ہونے والی منتقلیوں کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**۳۔ اجلاس میں حاضری کیلئے**

انفرادی صورت میں کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار اور/یا وہ افراد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہیں اور ان کی تفصیلات ریگولیشنز کے تحت اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، وہ اپنی شناخت کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں حاضری کے وقت پیش کریں گے۔

کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختیارنامہ بمع نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس میں حاضری کے وقت پیش کئے جائیں گے (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں)۔

**۴۔ پراکسی**

وہ ممبر جو کہ اجلاس عام میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو تو وہ اجلاس میں حاضر ہونے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنی طرف سے پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کی تقرری کا فارم لازمی طور پر اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہوجانا چاہئے۔

سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے سلسلے میں شناخت کی سہولت کیلئے حصص یافتگان جن کے حصص سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) میں ہیں یا ان کا پراکسی اپنی شناخت کیلئے اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں حاضری کے وقت پیش کرے گا، جن کے ساتھ شریک کار کا شناختی نمبر اور حصص یافتہ کا اکاؤنٹ نمبر بھی پیش کیا جائے گا جو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی نے مختص کیا ہو۔

کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختیارنامہ بمع نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس میں حاضری کے وقت پیش کئے جائیں گے۔

**۵۔ ان حصص یافتگان سے گزارش جنہوں نے اپنے CNIC فراہم نہیں کئے ہیں**

وہ انفرادی ممبران جنہوں نے اب تک اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقول کمپنی/شیئر رجسٹرار کو فراہم نہیں کی ہیں انہیں ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ جلد از جلد اپنے CNIC براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کردیں۔ درست CNIC کی نقل موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)243 کے تحت کمپنی ایسے حصص یافتگان کے منافع منقسمہ کو روکنے پر مجبور ہوگی۔

**٦۔ ان حصص یافتگان سے گزارش جنہوں نے اپنے IBAN فراہم نہیں کئے ہیں**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کی شقوں کے تحت لسٹڈ کمپنی کیلئے لازمی ہے کہ وہ نقد منافع منقسمہ اپنے حصص یافتگان کو صرف برقی طریقے سے بلاواسطہ حقدار حصص یافتگان کے مختص کردہ اکاؤنٹ میں منتقل کرے۔ لہٰذا حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ https://famco.com.pk/ پر دستیاب الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم میں اپنے بینک کی تفصیلات پُر کریں اور باضابطہ پُر شدہ فارم کو CNIC کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کردیں۔

**۷۔ پتے میں تبدیلی**

حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی بھی تبدیلی سے متعلق شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو آگاہ کریں۔

**۸۔ فزیکل حصص کی بک انٹری کی شکل میں تبدیلی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کی شقوں کے تحت اور SECP سے بعدازاں موصولہ ہدایات کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیز اپنے فزیکل حصص رکھنے والوں کو آمادہ کریں اور حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کو ضروری قرار دیں۔ ان ہدایات کی پاسداری کرتے ہوئے فزیکل حصص یافتگان کو ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ اپنے حصص کو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان کی انویسٹر اکاؤنٹس سروسز پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی بھی TRE سرٹیفکیٹ ہولڈر/شریک کار کے ذریعے بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔

**۹۔ ممبران کیلئے وڈیو لنک کی سہولت**

اگر کمپنی کو کسی ممبر / ممبران سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو لنک شرکت کرنے کی درخواست 7 دن قبل موصول ہو جن کی کمپنی میں 10 فیصد حصص داری ہے اور وہ کسی ایک شہر میں رہائش پذیر ہوں تو کمپنی ان کیلئے وڈیو لنک کی سہولت کا اہتمام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں یہ سہولت دستیاب ہو۔

اس سہولت سے استفادہ کیلئے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں:

میں/ہم-------------------منجانب-------------------جو کہ ہینو پاک موٹرز لمیٹڈ کے رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر--------------------

کے تحت-------------------عمومی حصص کا/ کے مالک ہوں/ ہیں، میں/ ہم وڈیو کانفرنس کی سہولت سے استفادہ کرنا چاہتا ہوں/ چاہتے ہیں۔

ممبر (ممبران) کے دستخط

**۱۰ آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ویب سائٹ پر دستیابی**

کمپنی کے مالیاتی گوشوارے برائے مختتمہ مدت 31 مارچ 2021 بمع رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ https://www.hinopak.com/finance.htm پر اَپ لوڈ کردی گئی ہیں۔

HINO